**انڈسٹری اپ ڈیٹ**
نیو یارک شہر کے ٹیکسی اور لیموزین کمیشن کی طرف سے خوش آمدید۔

**اعزازی رول**
1 دسمبر کو، TLC نے تحفظ کے اعزازی رول کی اپنی ساتویں سالانہ تقریب، ورچوئل طور پر منعقد کی۔ ایونٹ کو آن لائن nyc.gov/tlc پر، یا TLC کے YouTube چینل پر دیکھا جا سکتا ہے۔

TLC کے 411 لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو ان کے تحفظ کے ریکارڈز اور سڑک پر سب ڈرائیوز کے لیے ایک مثال کے طور پر خدمت کرنے کے صلے میں اعزازات سے نوازا گیا۔

TLC نے TLC لائسنس یافتہ ان 25 محفوظ ترین کاروباروں کو تسلیم کیا، جن میں پانچ پیلی ٹیکسی فلیٹس اور 20 کمیونٹی کار سروس کی بیسز شامل ہیں، جنہوں نے اپنے TLC لائسنس یافتہ ڈرائیورز میں محفوظ طور پر گاڑی چلانے کی روایت کے فروغ میں جدت اور اس کے ساتھ تحفظ کے اقدامات کرنے کی اپنی حکمت عملیوں کا مظاہرہ بھی کیا۔

ان 21 ڈرائیورز کے لیے جنہیں شہر کے رسائی کی فراہمی کے پروگرام، جو کہ پانچ بوروز میں کہیں بھی پیلی یا سبز ٹیکسیز تک مطالبے پر رسائی فراہم کرتا ہے، سے ان کی وابستگی پر قابل رسائی لیڈرز نامزد کیے جانے پر جشن منایا گیا۔

آخر میں، ان TLC 25 لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو سراہا گیا جنہوں نے کھانے کی ہنگامی ترسیل کے اس پروگرام میں سب سے زیادہ کھانے ترسیل کیے جسے اس گزشتہ موسم بہار میں عالمی وبا کے تناظر میں بنایا گیا تھا۔ TLC ان 10,000 سے زائد ڈرائیورز کا نہایت مشکور ہے جنہوں نے، ٹیکسیز، کالی گاڑیاں لیوری گاڑیاں، اور فیملی گاڑیاں استعمال کرتے ہوئے 720,000 گھرانوں اور 1.3 ملین نیو یارک کے شہریوں تک 65 ملین کھانے پہنچانے میں حصہ لیا—ایک ایسی تعداد جو کہ نیو یارک شہر کے کُل رہائشیوں کا 15% ہے۔

**کمیشن کی میٹنگ**
2 دسمبر کو، TLC نے حق رائے دہی کا استعمال کیا اور ان قواعد کو منظور کیا جو مشتبہ جرم کی وجہ سے لائسنس یافتہ کے گرفتاری کی صورت میں TLC کے لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو اضافی حقوق اور حفاظتیں دیتے ہیں، اور جو موجودہ قلیل مدتی معطلی کے قوانین کی وضاحت اور انہیں مضبوط بناتے ہیں۔

TLC کے زیادہ تر لائسنس یافتہ ڈرائیورز قانون پسند شہری ہیں جو عوام کی خدمت کے لیے کام کرتے ہیں، اور اس بات کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں کہ TLC کا لائسنس یافتہ ڈرائیور مشتبہ جرم کی وجہ سے گرفتار ہو۔ تاہم، اگر ایسے کسی مشتبہ جرم کی وجہ سے گرفتاری عمل میں آئے، تو TLC عوامی تحفظ کے مفاد میں، خود کار طور پر TLC لائسنس معطل کر دیتی ہے۔ لائسنس یافتہ فرد کے قانونی کارروائی سے گزرنے تک یہ معطلیاں عارضی ہوتی ہیں۔

TLC کے لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو انتظامی قانون کے جج کے سامنے پیش ہو کر معطلیوں کو چیلنج کرنے کا حق حاصل ہے۔ مجوزہ قوانین بہت سے مختلف عناصر کو واضح کرتے ہیں جن پر انتظامی قانون کا جج اس بات کا جائزہ لینے کے دوران غور کر سکتا ہے کہ آیا معطل ڈرائیور سے عوامی تحفظ کو کوئی خطرہ لاحق ہے۔ انتظامی قانون کا جج اب ایک مزید انفرادی جائزہ لے گا اور لائسنس یافتہ فرد کی تاریخ کا مکمل طور پر معائنہ کرے گا، جس میں مجرمانہ تاریخ اور ڈرائیونگ کا ریکارڈ، کمیونٹی میں حیثیت، مبینہ جرم کی تفصیلات، اور ایسی کوئی بھی چیز شامل ہے جو معطلی کو ختم کرنے میں معاونت کرے گی۔

نئے قوانین TLC کے لائسنس یافتہ افراد کو معطلی کے بعد کسی بھی وقت معطلی کی قلیل مدتی سنوائی کی درخواست دینے کی اجازت دیتے ہیں اور انتظامی قانون کے جج کی تحریری تجویز، اور فیصلے کے اجراء کی ٹائم لائنز کو مختصر بناتے ہیں۔ قانون میں تبدیلیاں اضافی حقوق اور فوری فیصلے کو دستیاب بنانے کے ذریعے TLC کے لائسنس یافتہ ان کچھ ڈرائیورز کو فائدہ پہنچائیں گی جو کہ قلیل مدتی معطلی کا سامنا کر رہے ہیں۔ زیادہ تر کے لیے نتیجہ یہ ہو گا کہ وہ بہت جلد کرائے کے لیے گاڑی چلانے کے قابل ہو سکیں گے۔

TLC کمیشن نے ان قوانین کے لیے بھی حق رائے دہی استعمال کیا اور انہیں منظور کیا جو ٹیکسی امپرؤومنٹ فنڈ سے پیسہ وصول کرنے کی اہل گاڑیوں کی تعداد بڑھا کر سڑک پر وہیل چیئر سے رسائی والی گاڑیوں کی تعداد بڑھائیں گے۔ ٹیکسی امپرؤومنٹ فنڈ پیسہ فراہم کرنے کے ذریعے میڈالین مالکان کی پیلی ٹیکسیز خریدنے اور ان کی دیکھ بھال کرنے کے اخراجات میں مدد کرتا ہے۔ یہ وہیل چیئر سے رسائی والی پیلی کیبز کے TLC لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو $1 فی دورہ کی رقم بھی فراہم کرتا ہے۔

کمیشن نے ان قوانین کو بھی منظور کیا تاکہ TLC رسمی طور پر اپنے ضوابط کو شہر کی کونسل کی اس قانون سازی کے ساتھ ہم آہنگ کرے جو 14 اگست 2018 کو منظور ہوئی تھی اور 12 نومبر 2018 کو نافذ العمل ہوئی تھی۔ مقامی قانون، 2018 کے LL151 نے، غیر مجاز اسٹریٹ ہیلز پر کچھ جرمانے کم دیے تھے۔

یاددہانی کے طور پر، TLC نے تعداد کو 96th Street سے نیچے بڑھا دیا ہے۔ غیر قانونی اسٹریٹ ہیلز پر جرمانے اب بھی زیادہ ہیں اور پہلی غیر قانونی اسٹریٹ ہیل کی خلاف ورزی پر 500$ کا جرمانہ، دوسری خلاف ورزی پر 750$ کا جرمانہ، اور تیسری خلاف ورزی کا نتیجہ لائسنس کی منسوخی کی صورت میں نکلتا ہے۔ اپنائے گئے قوانین محض رسمی تھے کیونکہ TLC کے قوانین LL151 کی شرائط کے مطابق نہیں تھے۔

آخر کار، پہلےسے موجود معاہدوں کے مطابق کچھ FHV بیسز کی جانب سے ڈرائیورز کو رقم ادا کرنا جاری رکھنے کی اجازت دینے کے لیے نئے قوانین منظور ہوئے اور یہ کوآپریشنز اور فرنچائزز دونوں کو شامل کرنے کے لیے بیس آپریٹنگ ماڈل کی قسم کو وسعت دیں گے۔

**E-Z پاس اور ٹولز یاددہانی**

E-Z پاس استعمال کرنے والے تمام TLC لائسنس یافتہ افراد کی یاددہانی کے طور پر، آپ اپنے ٹولز کو بغیر رابطے کی ادائیگی کے ذریعے پیشگی ادا کر سکتے ہیں، اور ٹول پلازہ پر رکنے کی حاجت کو ختم کر سکتے ہیں۔ E-Z پاس رعایتی ٹول قیمتوں، رعایتی منصوبوں، اور پارکنگ فیس کے لیے مختلف اختیارات کی پیشکش کرتا ہے--ڈرائیورز معمول کی ایئر پورٹ پارکنگ کی ادائیگی کے لیے رقم لوڈ کر سکتے ہیں (ہولڈ لاٹس میں پارکنگ کے لیے نہیں)۔ تمام پیلی اور سبز ٹیکسیز کے لیے بھی E-Z پاس درکار ہے۔ ممکنہ جرمانوں سے خود کو بچانے کے لیے، اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کا E-Z پاس فعال کریڈٹ کارڈ، بینک اکاؤنٹ سے مربوط ہو، یا فی الوقت پیشگی ادا کردہ ہو۔ اگر آپ میل کے ذریعے ٹولز موصول کرنا چاہتے ہیں،تو براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاڑی کے مالک کا پتہ موجودہ ہو۔ اگر آپ نے اپنی گاڑی کرائے پر لی ہے، تو اس بارے میں گاڑی کے مالک سے بات کرنے کو یقینی بنائیں کہ ٹولز کیسے ادا ہوں گے۔ اگر وہ ادا کردہ نہ ہوئے، تو گاڑی کے مالک کو بھاری جرمانے اٹھانا پڑ سکتے ہیں جو آپ کو بھی بھرنا پڑ سکتے ہیں۔ جرمانوں اور گاڑیوں کی ممکنہ رجسٹریشن سے بچنے کا بہترین طریقہ ایک ایسا E-Z پاس حاصل کرنا ہے جو ہر لحاظ سے مکمل ہو اور/یا جتنا جلدی ممکن ہو سکے تمام ٹولز ادا کرنا ہے۔ اگر آپ کے کوئی سولات ہیں، تو براہ کرم 1-800-333-8655 پر کال کریں، یا E-Zpassny.com پر ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ڈرائیور کا ریسورس سینٹر**

TLC ڈرائیور کے ریسورس سینٹر کو باضابطہ طور کھلے ہوئے اب چھ ماہ ہوچکے ہیں، اور یہ فاصلاتی طور پر مالی مشورے، قانونی خدمات، عوامی مفادکی درخواست میں معاونت، اور ڈرائیور کی حفاظت کی خدمات کی پیشکش کر رہا ہے۔ اب تک، 700 سے زائد TLC لائسنس یافتہ ڈرائیورز کو خدمت فراہم کی گئی ہے۔

TLC کی قانونی خدمات کی ٹیم نے میڈالین مالک و ڈرائیور قرضے اور ان کی وصولیوں سے متعلق 500 سے زائد کیسز بھی کھولے ہیں، جن میں زیادہ تر کلائنٹس قرضے کی کمی میں تعاون، صارفی حقوق کے بارے میں آگاہی اور آمدنی بڑھانے کا منصوبہ تخلیق کرنے میں مدد وصول کر رہے ہیں۔ ان خدمات میں دلچسپی رکھنے والے اس پتے https://portal.driverresourcecenter.tlc.nyc.gov/ پر اپائنٹمنٹ شیڈول کر سکتے ہیں۔

**نئی پلیٹس**

TLC لائسنس اجراء کار ڈویژن نے نئی ڈیزائن کردہ DMV ایکسیلزیر YC پلیٹس جاری کرنا شروع کر دیا ہے۔ نیلی اور سفید پلیٹس پر ریاست نیو یارک کی تصاویر نمایاں ہیں، بشمول آزادی کے مجسمہ کے، جسے پورے نیو یارک شہر میں TLC کی پلیٹ کردہ گاڑیوں پر دیکھ کر خوشی ہو گی۔

آپ کی مخلص،

Aloysee Heredia Jarmoszuk

کمشنر اور صدر

NYC ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن

33 Beaver Street, New York, NY 10004